

ہفت وار رسالہ: 263
WEEKLY BOOKLET: 263

صفحات 17



امیرِ اہلِ سنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کے مختلف فرامین کا مجموعہ

قسط اوّل

امیرِ اہلِ سنّت کے 163 ارشادات

پیشکش:
المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)
Islamic Research Center

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

امیرِ اہلِ سنّت کے 163 ارشادات

دُعائے جانشینِ امیرِ اہلِ سنّت: یاربَّ المصطفےٰ! جو کوئی 17 صفحات کا رسالہ "امیرِ اہلِ سنّت کے 163 ارشادات" پڑھ یا سن لے اُسے سچا عاشقِ رسول بنا اور دین کی خدمت کا خوب جذبہ عطا فرما۔
اٰمین بِجاہِ خاتَمِ النَّبِیّٖن صلّی اللّٰہُ علیہ واٰلہٖ وسلّم

فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم

جس نے مجھ پر ایک بار دُرُودِ پاک پڑھا اللہ پاک اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

(مسلم، ص172، حدیث:912)

صَلَّی اللّٰہُ علٰی مُحَمَّد ❀❀❀ صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب

دورِ حاضر کی عظیم علمی و روحانی شخصیت شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت، حضرت علّامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ ان ہستیوں میں سے ایک ہیں جنہیں اللہ پاک نے بے پناہ علم و حکمت سے نوازا ہے۔ آپ کے ملفوظات و ارشادات سن کر لوگ اخلاق و کردار کے پیکر بنتے اور دین و دنیا کی ڈھیروں برکتیں سمیٹتے ہیں، آیئے ہم بھی اِن کے ارشادات سن کر اپنے علم و عمل میں اضافے کی کوشش کرتے ہیں۔

امیرِ اہلِ سنّت کے 163 ارشادات

(مدنی مذاکرہ 19 شوّالُ المکرم 1440ھ کے فرامین)

﴿1﴾ مومن کا ہر کام ایسا ہونا چاہئے جس میں آخرت کا بھلا ہو اور کوئی ایسی بات نہ ہو جس میں آخرت کا نقصان ہو۔ ﴿2﴾ اپنے اندر دینی درد پیدا کرنے کیلئے پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی دینِ اسلام کیلئے قربانیوں کا مطالعہ کیجئے۔ ﴿3﴾ اپنی جان بچانے کے لیے

www.dawateislami.net

دوسرے کو نہیں پھنسانا چاہئے۔﴿4﴾جو مجھے میری غلطی بتائے وہ میرا محسن ہے۔(ہم سب کا یہ ذہن ہونا چاہیے۔)﴿5﴾اپنے منہ سے اپنے آپ کو علامہ یا عالم کہلوانے کی بجائے عاجزی کرنی چاہئے۔﴿6﴾ایک عالم و مفتی کو بھی احیاءُ العُلوم گھول گھول کر پینی چاہئے اِن شاءَ اللہ فتاویٰ میں نکھار آجائے گا۔

(مدنی مذاکرہ 20 شوّالُ المکرم 1440ھ کے فرامین)

﴿7﴾نماز جلدی جلدی پڑھنے کی بجائے تجوید و قراءَت کا لحاظ کرتے ہوئے ظاہری و باطنی آداب کے ساتھ پڑھئے۔﴿8﴾اذان کے بعد بس ایک ہی کام، نماز نماز بس نماز۔

﴿9﴾اہلِ علم یہ غور کرے کہ کیا بے پڑھا فرد مجھے حقیر لگتا ہے یا نہیں؟ اور اللہ پاک سے ڈرے کہ کہیں سامنے والا اللہ پاک کی بارگاہ میں مقبول نہ ہو۔﴿10﴾ہمارے بُزُرگ سادہ کاغذ کا ادب کر گئے، کاش! ہم بھی اپنی قلم، کتب کا ادب کریں۔﴿11﴾جس کو نماز میں لذّت آتی ہے اُس کے لیے اِس سے بڑی کوئی نعمت نہیں۔

(مدنی مذاکرہ 10 مُحَرَّمُ الحرام 1441 کے فرامین)

﴿12﴾امتحان جتنا سخت ہوتا ہے سَنَد بھی اُتنی ہی اعلیٰ ملتی ہے۔﴿13﴾ڈاکٹر ایک ہی ہونا چاہیے کیونکہ اِس طرح وہ ہماری بدنی کیفیات جان لیتا ہے۔(کہ کونسی دوا مُوافق ہوتی ہے اور کونسی نہیں۔)﴿14﴾اللہ نے قسم کھائی یہ کہنا بے ادبی ہے، یوں کہنا چاہیے کہ اللہ پاک نے قسم یاد فرمائی۔﴿15﴾اگر گھر والے داڑھی رکھنے سے منع کریں تو اپنے اچھے کردار اور آنسوؤں کے ذریعے منائیے بد اَخلاقی سے مُعاملہ مزید بگڑ سکتا ہے۔

(مدنی مذاکرہ 11 مُحَرَّمُ الحرام 1441ھ کے فرامین)

﴿16﴾ظالم اور ظُلم کی عمر کم ہوتی ہے۔

www.dawateislami.net

﴿17﴾ اگر مظلوم سے معافی مانگنا آج مشکل لگتا ہے تو آخرت کا مُعاملہ مشکل ترین ہے۔
(مدنی مذاکرہ 29 شوال 1441ھ، 20 جون 2020ء کے فرامین)

﴿18﴾ ٹیکسٹ میسج، وائس میسج، ویڈیو کلپ اور یاد گار مَناظِر وغیرہ کے ساتھ تاریخ مع ماہ و سَن لکھنا نہایت مفید رہتا ہے اور اِس سے یاد گار باقی رہتی ہے۔

﴿19﴾ لُطف اَندوز ہونے کیلئے سورج گہن (یا چاند گہن) کی تصاویر بنانا اچھی بات نہیں۔

﴿20﴾ ٹینشن ہزار بیماریوں کو جنم دیتا ہے۔
(مدنی مذاکرہ 6 ذُوالْقعدۃِ الْحرام 1441ھ، 27 جون 2020ء کے فرامین)

﴿21﴾ اپنی مرضی سے علاج کرنے کی بجائے ہمیشہ ڈاکٹر کے مشورے سے علاج کرنا چاہئے۔

﴿22﴾ گھر میں مدنی چینل چلتا رہے گا تو آپ کے بچوں کی اِصلاح کا سامان ہوتا رہے گا۔ ان شاءاللہُ الکریم

﴿23﴾ طبیعتیں مختلف ہوتی ہیں لہٰذا احادیثِ مُبارَکہ میں تجویز کردہ علاج بغیر طبیب کا مشورہ لئے کرنے کی مُمانَعَت ہے۔
(مدنی مذاکرہ 13 ذُوالْقعدۃِ الْحرام 1441ھ، 4 جولائی 2020ء کے فرامین)

﴿24﴾ والدین کو چاہئے کہ سب سے پہلے اپنے بچوں کو دین کی ضروری تعلیم دیں۔

﴿25﴾ بچپن ہی سے اپنی بچی کو حَیا کا دَرْس دیجئے۔ ماں کو چاہئے کہ (چلتی پھرتی) بچی کو چُست پاجامہ نہ پہنائے۔

﴿26﴾ میاں بیوی یہ مُعاہدہ (Pact) کرلیں کہ آپس میں ہونے والی ناراضی کا اپنے اپنے والدین وغیرہ کو نہیں بتائیں گے۔

﴿27﴾ ایسا سوال نہ کیا کریں جس سے سامنے والا کسی کا عیب کھول دے یا غیبت کے گناہ

www.dawateislami.net

میں جا پڑے۔

(مدنی مذاکرہ 20 ذُوالقعدۃِ الحرام 1441ھ، 11 جولائی 2020 کے فرامین)

﴿28﴾ نئے گھر میں سب سے پہلے قرآنِ کریم رکھنا اچھی بات ہے۔

﴿29﴾ نئے گھر میں شفٹ ہوتے وقت قبر میں ہونے والی شِفٹنگ کو یاد کیجئے۔

﴿30﴾ آپریشن کروانا ہو تو کم از کم دو سرجَنوں سے مشورہ کر لینا چاہئے۔

﴿31﴾ پانچوں نمازیں پابندی سے پڑھنے کی عادت بنانے کا اصل وظیفہ یہ "احساس" ہے کہ نماز میرے رب نے مجھ پر فرض کی ہے۔

﴿32﴾ ایسا کام یا انداز مت اختیار کیجئے جس سے لوگ دین سے دور ہوں۔

(مدنی مذاکرہ 27 ذُوالقعدۃِ الحرام 1441ھ، 18 جولائی 2020 کے فرامین)

﴿33﴾ جانور کے ذبح ہوتے وقت تماشا بنانے کی بجائے جانور پر رحم کھاتے ہوئے اپنی موت کو یاد کرنا چاہئے۔

﴿34﴾ روحانی علاج میں "طاقت" ہے۔

(مدنی مذاکرہ 30 ذوالقعدۃ الحرام 1441ھ، 21 جولائی 2020 کے فرامین)

﴿35﴾ زیادہ باتیں کرنا انسان کے وَقار کو دَاغدار کرتا ہے۔

﴿36﴾ عام طور پر ہر ایک کو "خاموش طبیعت انسان" اچھا لگتا ہے۔

﴿37﴾ بعض اوقات ایک گُناہ "کئی گُناہ" کرواتا ہے۔

﴿38﴾ ہر بچے کی پیدائش (Birth) کے ساتھ رُخصت (یعنی موت بھی) کھڑی ہوتی ہے۔

(مدنی مذاکرہ 1 ذُوالحجّۃِ الحرام 1441ھ، 22 جولائی 2020 کے فرامین)

﴿39﴾ قرضہ ٹینشن لاتا اور نیند اُڑاتا ہے۔

﴿40﴾ قربانی کا جانور ایسی جگہ ذبح کیجئے جہاں کسی پیدل یا سوار کو تکلیف نہ ہو۔

www.dawateislami.net

﴿41﴾ مذہبی لوگوں کو زیادہ مُحتاط رہنا چاہئے کہ سفید کپڑے پر داغ دور ہی سے نظر آجاتا ہے۔

﴿42﴾ ”یااللہ“ 49 بار پڑھ کر جانور پر دَم کر دیجئے، ان شاء اللہ نظر لگنے اور مختلف بیماریوں سے حفاظت ہو گی۔

(مدنی مذاکرہ 2 ذُوالْحِجَّۃِ الْحرام 1441ھ، 23 جولائی 2020 کے فرامین)

﴿43﴾ میں یہ چاہتا ہوں کہ ہمارے بچے بچے کے ذہن میں یہ بیٹھ جائے کہ ”محمد صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم“ اللہ پاک کے آخِری نبی ہیں۔

﴿44﴾ ہر وہ بات جس سے گناہوں کا دروازہ کھلے اس سے اجتناب کرنا (یعنی بچنا) ضَروری ہے۔ (مَدَنی مذاکرہ، 8 محرم الحرام 1436ھ)

(مدنی مذاکرہ 3 ذُوالْحِجَّۃِ الْحرام 1441ھ، 24 جولائی 2020 کے فرامین)

﴿45﴾ میرے نزدیک پڑھا لکھا وہ ہے جو کم از کم دیکھ کر قرآنِ کریم دُرست پڑھ لیتا ہو۔

﴿46﴾ اگر عالم سے غَلَطی سے غَلَط مسئلہ بیان ہو جائے تو اِزالہ کرنے (اپنی غَلَطی تسلیم کرتے ہوئے دُرست مسئلہ بتانے) میں شرمانا نہیں چاہئے۔ (خوفِ خدا والے علماء ایسے ہی کرتے ہیں۔)

﴿47﴾ جانور ذبح ہوتے اور تڑپتے وقت اپنی موت اور نزع کی تکلیفوں کے خیالات پیدا کرنے چاہئیں تاکہ آخِرت کی یاد آئے۔

﴿48﴾ اُردو زبان سیکھنی چاہئے کیونکہ ہمارا بہت سا دینی لِٹریچر اُردو میں ہے۔

﴿49﴾ مصیبت میں (ملنے والے ثواب کی خوشی میں) مُسکرانا ”کمال“ ہے۔

﴿50﴾ آدمی تو آدمی اگر ”جانور“ بھی نرم مزاج ہو تو اچھا لگتا ہے۔

﴿51﴾ بچہ ہو یا بڑا جس کو پیار دو گے تو پیار پاؤ گے۔

www.dawateislami.net

(مدنی مذاکرہ 4 ذُوالْحِجَّۃِ الْحرام 1441ھ، 25 جولائی 2020 کے فرامین)

﴿52﴾ جن مناظر کو دیکھنے پر نہ ثواب ہو نہ گُناہ اُنہیں دیکھنے کا بھی قیامت کے دِن حساب ہو گا۔

﴿53﴾ ایسے لوگوں کی صحبت میں بیٹھنا چاہئے جن کے اعمال کے ساتھ ساتھ عقائد و نظریات بھی سو فیصدی قرآن و حدیث کے مطابق ہوں۔

﴿54﴾ اِس دور میں میرے پاس سُنّیت کا معیار "اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃُ اللہِ علیہ" ہیں جو یہ فرمائیں اُس پر آنکھیں بند ہیں۔

(مدنی مذاکرہ 5 ذُوالْحِجَّۃِ الْحرام 1441ھ، 26 جُولائی 2020 کے فرامین)

﴿55﴾ جانور کو ذبح کے وقت ہونے والی تکلیف کے مقابلے میں اِنسان کو روح نکلتے وقت کئی گُنا زیادہ ہوتی ہے۔

﴿56﴾ فضول باتوں سے بچنے کا ذہن ہو گا تو گناہوں بھری باتوں سے بچ بھی سکیں گے۔

(مدنی مذاکرہ 6 ذُوالْحِجَّۃِ الْحرام 1441ھ، 27 جُولائی 2020 کے فرامین)

﴿57﴾ جو جانور راہِ خُدا میں قربان کیا جاتا ہے وہ بڑا "خوش نصیب" ہے۔

﴿58﴾ دینی طلباءِ کرام اور اِسلامی مطالعہ کرنے والوں کو دینی کُتب ممکن ہو تو اپنی جیب ہی سے خریدنی چاہئیں اِن شاء اللہ برکتوں میں اضافہ ہو گا۔

﴿59﴾ اللہ پاک اور اُس کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی بارگاہ میں جو اچھا ہے حقیقت میں وہی اچھا ہے۔

(مدنی مذاکرہ 7 ذوالحجۃ الحرام 1441ھ، 28 جُولائی 2020 کے فرامین)

﴿60﴾ ہو سکتا ہے چھوٹی نظر آنے والی نیکی ہی جنت میں لے جائے اور چھوٹا نظر آنے والا ایک گناہ ہی جہنم میں پہنچا دے۔

www.dawateislami.net

﴿61﴾ بعض اوقات چھوٹی نیکی بڑی نیکیوں تک پہنچا دیتی ہے۔

﴿62﴾ اَفسوس! گُناہ اور بُرے کام کو بُرا سمجھنے کا رُجحان بھی کم ہوتا جارہا ہے۔

(مدنی مذاکرہ 9 ذوالحجۃ الحرام 1441ھ، 30 جُولائی 2020 کے فرامین)

﴿63﴾ داڑھی شریف کی سُنّت بد اَخلاقیوں اور گالیوں وغیرہ کئی طرح کی بُرائیوں سے بچاتی ہے۔

﴿64﴾ شریعت آپ کے پیچھے نہیں چلے گی، (آپ) خود شریعت کے پیچھے چلئے۔

(مدنی مذاکرہ 10 ذوالحجۃ الحرام 1441ھ، 31 جُولائی 2020 کے فرامین)

﴿65﴾ مُسلمان عقل کے نہیں دینِ اِسلام کے پابند ہیں۔

﴿66﴾ ہم عقل کے نہیں خُدا کے بندے ہیں۔

﴿67﴾ وہی عقلمند ہے جس کی سمجھ میں "دین" آجائے۔

﴿68﴾ بکری مَیں مَیں کرتی ہے تو اُس پر چُھری چلتی ہے اور جب بندہ مَیں مَیں کرتا ہے تو وہ لوگوں میں "رُسوا" ہوتا ہے۔

(مدنی مذاکرہ 11 ذوالحجۃ الحرام 1441ھ، 1 اگست 2020 کے فرامین)

﴿69﴾ جو اللہ پاک کی بارگاہ میں جھکتا ہے وہ بُلندی پاتا ہے۔

﴿70﴾ جو اللہ پاک اور اُس کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی فرمانبرداری میں لگا رہتا ہے، دُنیا اُس کی خدمت میں لگی رہتی ہے۔

﴿71﴾ جس کے ہاں قربانی نہیں ہوتی، ہو سکے تو اُس کو (سب سے) پہلے "قربانی کا گوشت" دیجئے۔

﴿72﴾ اگر کسی مانگنے والے کو گوشت نہیں دینا تو جِھڑکے بغیر اُس سے اچھے انداز سے

www.dawateislami.net

مَعْذِرت کر لیجئے۔

﴿73﴾ دعوتِ اسلامی کے لئے قربانی کی کھالیں جمع کرنا ہمارا "مقصد" نہیں "ضرورت" ہے، ہمارا مقصد "نیکی کی دعوت" ہے۔

﴿74﴾ قربانی کی کھالیں اِکٹھی کرنے میں "باجماعت نماز" نہیں چھوٹنی چاہئے۔ کھال جاتی ہو تو جائے نماز ہر گز نہ جائے۔

﴿75﴾ دُنیاوی لذیذ کھانوں کی حِرص کی بجائے جنّت کے لذیذ کھانوں کی حِرص کیجئے۔

﴿76﴾ اللہ کریم کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی اُمت میں پیدا ہونا "اَنمول نعمت" ہے۔

(مدنی مذاکرہ 18 ذوالحجۃ الحرام 1441ھ، 8 اگست 2020 کے فرامین)

﴿77﴾ غذا کتنی ہی عُمدہ ہو اُس کا حد سے زیادہ استعمال نقصان دہ ہے۔

﴿78﴾ تیز آندھی یا شدید بارش وغیرہ کے مَناظر سے لُطف اندوز ہونے کی بجائے اِن سے عبرت حاصل کرنی چاہئے۔

﴿79﴾ 14 اگست کا دن "یومِ تَشَکُّر" یعنی اللہ پاک کا شُکْر ادا کرنے کا دِن ہے کہ اُس نے ہمیں آزادی کی نعمت عطا فرمائی۔

(مدنی مذاکرہ 25 صفر المُظفّر 1442ھ، 12 اکتوبر 2020 کے فرامین)

﴿80﴾ ہماری ہزاروں عبادتیں اللہ پاک کی کسی ایک نعمت کے ہزارویں حصے کے شُکْر کا حق ادا نہیں کر سکتیں۔

﴿81﴾ مُحسن (یعنی احسان کرنے والے) کا احسان ساری عمر ماننا چاہئے۔

﴿82﴾ عزّت دو عزّت ملے گی۔

﴿83﴾ عاجزی و اِنکسار کے ذریعے ہی کسی شخص کے "دِل" میں داخل ہوا جا سکتا ہے۔

www.dawateislami.net

(مدنی مذاکرہ 4 رجب 1442ھ، 18 فروری 2021 کے فرامین)

﴿84﴾ قبرستان "عبرت" کا مقام ہے۔

﴿85﴾ ہر "نیک" اللہ پاک کا وَلی نہیں ہوتا جبکہ اللہ پاک کا ہر "وَلی" ضرور "نیک" ہوتا ہے۔

(مدنی مذاکرہ 13 رجب المرجب 1442ھ، 25 فروری 2021 کے فرامین)

﴿86﴾ بے نمازی "نیک شخص" نہیں ہے۔

﴿87﴾ بچوں کو "موبائل" سے دُور رکھنے میں ہی عافیت ہے۔

(مدنی مذاکرہ 15 رجب المرجب 1442ھ، 27 فروری 2021 کے فرامین)

﴿88﴾ اپنی نیکیاں چھپانا "بہترین کام" ہے۔

﴿89﴾ چہرے کا حُسن (نور) "اللہ پاک کی عبادت" سے ہوتا ہے۔

﴿90﴾ اگر آپ کسی کو سمجھانا چاہتے ہیں تو حکیمانہ اَنداز اَپنائیے کہ اِصلاح فقط اِسی طرح ہو سکتی ہے وَرنہ جارِحانہ اَنداز ضد پیدا کرتا ہے۔

﴿91﴾ سوشل میڈیا پر کسی کو سمجھانا، سمجھانا نہیں بلکہ اُسے "ذلیل" کرنا ہے۔

﴿92﴾ اِسلام اپنے مسلمان بھائیوں سے حسنِ ظن رکھنے کی تعلیم دیتا ہے۔

(مَدَنی مذاکرہ، 3 ربیع الآخر 1438ھ)

﴿93﴾ مَحبَّتِ اَولیا بڑھانے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ اولیائے کِرام سے محبَّت رکھنے والوں کی صحبت اِختیار کی جائے۔ (مَدَنی مذاکرہ، 30 ربیع الاوّل 1438ھ)

﴿94﴾ کسی کو شُہرت حاصل ہو جانا اس بات کی دلیل نہیں کہ اسے رِضائے اِلٰہی کی منزل بھی حاصل ہو گئی۔ (مَدَنی مذاکرہ، 22 ربیع الآخر 1438ھ)

www.dawateislami.net

﴿95﴾ جو مَصائب و آلام (یعنی مصیبتوں اور غموں) پر صبر کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے وہ اللہ پاک کی رَحمتوں کے سائے میں آجاتا ہے۔ (خودکشی کا علاج، ص20)

﴿96﴾ دوسروں کا اَنجام دیکھ کر اپنے لئے عِبرت کے مدنی پھول چُن لینا عقل مندی ہے۔ (مَدَنی مذاکرہ، 23 ربیع الآخر 1438ھ)

﴿97﴾ دل کی سختی کا ایک سبب ذکرِ الٰہی کے علاوہ زیادہ کلام (گفتگو) کرنا بھی ہے۔ (مَدَنی مذاکرہ، 10 محرم الحرام 1436ھ)

﴿98﴾ بزرگانِ دین رحمۃُ اللہِ علیہم کے واقعات سُن کر سبحانَ اللہ کہنے کے ساتھ ساتھ اُن کی سیرت پر عمل کرنے کی کوشش بھی کی جائے۔ (مَدَنی مذاکرہ، 5 جمادی الاُخریٰ 1438ھ)

﴿99﴾ آبِ زم زم کا ایک قطرہ، پانی سے بھری دیگ میں بھی ڈال دیا جائے تو بَرَکت کے لئے کافی ہے۔ (مَدَنی مذاکرہ، 20 جمادی الاُولیٰ 1438ھ)

﴿100﴾ اپنی اصلاح کی کوشش جاری رکھئے کیونکہ جو خود نیک ہو وہ دوسروں کے بارے میں بھی نیک گُمان (یعنی اچھے خیالات) رکھتا ہے جبکہ جو خود بُرا ہو اُسے دوسرے بھی بُرے ہی دکھائی دیتے ہیں۔ (شیطان کے بعض ہتھیار، ص35)

﴿101﴾ اچھی نیّت سے مُعاف کرنا کارِ ثواب ہے، معاف کرنے کا ایک دنیوی فائدہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ جس کو معاف کیا جائے اس کے دل سے معاف کرنے والے کا بُغض و کینہ (دشمنی) نکل جائے۔ (مَدَنی مذاکرہ، 21 محرم الحرام 1436ھ)

﴿102﴾ اپنے بچوں کے سامنے اس نیت سے اللہ اللہ کیا کریں کہ وہ بھی اللہ اللہ کرنے والے بن جائیں۔ (مَدَنی مذاکرہ، 14 جمادی الاُولیٰ 1438ھ)

﴿103﴾ نماز میں لباس عمدہ سے عمدہ ترین ہونا چاہئے۔ (مَدَنی مذاکرہ، 7 جمادی الاُولیٰ 1438ھ)

﴿104﴾ آپ کی ایک مسکراہٹ کسی کی نسلوں کو سنوار سکتی ہے اور آپ کی ایک بے رُخی

www.dawateislami.net

کسی کی نسلوں کو راہِ راست سے کوسوں دور کر سکتی ہے۔(مَدَنی مذاکرہ، 11 محرم الحرام 1436ھ)

﴿105﴾ سب کے ساتھ شفقت اور حُسنِ اَخلاق سے پیش آئیں گے تو لوگ آپ سے مَحبت کریں گے۔ مَحبت دو، مَحبت لو، نفرت کرو گے تو نفرت ملے گی۔(مَدَنی مذاکرہ، 17 ربیع الآخر 1438ھ)

﴿106﴾ وقت وہ اَنمول ہیرا ہے جو ایک بار ضائع ہونے کے بعد دوبارہ نہیں مل سکتا جبکہ دولت ضائع ہو جائے تو پھر مل سکتی ہے۔(مَدَنی مذاکرہ، 5 ربیع الآخر 1438ھ)

﴿107﴾ مال کا لُٹیرا چور ہے اور اس سے بچنے کے کئی ذریعے ہیں کیونکہ وہ نظر آتا ہے جبکہ نیکیوں کا لُٹیرا شیطان ہے اور یہ نظر نہیں آتا لہٰذا اس سے نیکیاں بچانے کے لئے زیادہ کوشش کرنے کی ضَرورت ہے۔(مَدَنی مذاکرہ، یکم محرم الحرام 1436ھ)

﴿108﴾ جس چیز کی نسبت حَرَمَیْنِ طَیِّبَیْن (یعنی مکّہ و مدینہ) اور بُزُرگانِ دین سے ہو جائے شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے اُس کا خوب ادب کیجئے۔(مَدَنی مذاکرہ، 9 محرم الحرام 1436ھ)

﴿109﴾ میں طَلَبۂ کِرام کو علمِ دین حاصل کرنے کا حریص ہونے کے ساتھ ساتھ مدنی کاموں کا حریص بھی دیکھنا چاہتا ہوں۔(مَدَنی مذاکرہ، 11 ربیع الاوّل 1438ھ)

﴿110﴾ گناہ کرنے والے کا گناہ قابلِ نفرت ہے مگر وہ خود قابلِ ہمدردی ہے اور اُسے سمجھانے کی ضَرورت ہے۔(مَدَنی مذاکرہ، یکم ربیع الآخر 1438ھ)

﴿111﴾ موت کو یاد کرنے کے لئے کسی ایسی جگہ "الموت" لکھئے جس پر آپ کی نظر پڑتی رہے۔(مَدَنی مذاکرہ، 7 محرم الحرام 1436ھ)

﴿112﴾ اپنے اندر قوتِ برداشت پیدا کرنے کی کوشش کیجئے کہ جب بھی آپ کے مزاج کے خلاف کوئی بات ہو تو آپ اپنے غصے کو کنٹرول کرتے ہوئے صبر کرنے میں کامیاب ہو جائیں۔(مَدَنی مذاکرہ، 12 ربیع الاوّل 1438ھ)

www.dawateislami.net

﴿113﴾ حرکت میں بَرَکت ہے کہ جو پانی چلتا ہے وہ تازہ رہتا ہے اور جو رُکا رہتا ہے خراب ہو جاتا ہے۔(مَدَنی مذاکرہ،9ربیعُ الاوّل1438ھ)

﴿114﴾ بیٹا عالِم ہو اور باپ غیرِ عالِم، پھر بھی بیٹے پر اپنے باپ کا اِحترام لازم ہے، اِحترام کرے گا تو دونوں جہاں میں سعید (یعنی خوش نصیب) ہو گا۔ اِن شاءَ اللہ

(مَدَنی مذاکرہ،11محرم الحرام1436ھ)

﴿115﴾ عمامہ شریف باندھنے والا اس کی بَرَکت سے گناہوں سے باز رہتا ہے اور اس کے کِردار میں بھی نکھار آجاتا ہے۔(مَدَنی مذاکرہ،21صفر المظفر1436ھ)

﴿116﴾ ایسے محلے میں مکان لینا چاہئے جہاں مسجد گیارھویں وبارھویں منانے والوں کی ہو۔

(مَدَنی مذاکرہ،2ربیعُ الآخر1437ھ)

﴿117﴾ آپ درِ مصطفےٰ کے اَسیر (یعنی قیدی) بَن جائیں تو بغیر دولت کے امیر ہو جائیں گے اور اِن شاءَ اللہ آپ کو سُکُونِ قَلْب کی دولت بھی ملے گی۔(مَدَنی مذاکرہ،3ربیع الآخر1436ھ)

﴿118﴾ علمِ دین کا انمول خزانہ مطالعے کے ذریعے بھی ہاتھ آتا ہے۔

(مَدَنی مذاکرہ،9ربیع الاوّل1438ھ)

﴿119﴾ جس سے بَن پڑے وہ اپنے سفید پوش رشتے دار یا یتیم بچوں کی کفالت کا ذِمّہ لے اور اُن کی مدد اس طرح کرے کہ انہیں بھی معلوم نہ ہو کہ ہماری مدد کرنے والا کون ہے۔

(مَدَنی مذاکرہ،9ربیع الآخر1436ھ)

﴿120﴾ مالداروں کے پاس عُموماً علمِ دین کم ہوتا ہے شاید اسی لئے وہ غریبوں کو حقیر جاننے میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔(مَدَنی مذاکرہ،23ربیع الآخر1438ھ)

﴿121﴾ مِسواک کو بے ادبی سے بچاتے ہوئے اس کا اِحترام کیجئے کہ یہ سنّت ادا کرنے کا آلہ ہے۔(مَدَنی مذاکرہ،30ربیع الاوّل1438ھ)

www.dawateislami.net

﴿122﴾ باطِن کو اُجلا کرنے کے لئے سچی توبہ کر لیجئے۔(مَدَنی مذاکرہ،5ربیع الاوّل1436ھ)

﴿123﴾ مرکزی مجلسِ شوریٰ (کے اراکین) دعوتِ اسلامی کے مائی باپ ہیں ان پر بے جا تنقید کرنے کے بجائے ان کے ساتھ مِل کر دین کا خوب کام کرنا چاہئے۔
(مَدَنی مذاکرہ،6ربیع الآخر1437ھ)

﴿124﴾ جو علمِ دین سے شَغَف رکھتے ہیں مجھے اُن پر بہت پیار آتا ہے۔
(مَدَنی مذاکرہ،4ربیع الآخر1436ھ)

﴿125﴾ اللہ پاک کی راہ میں مال خرچ کرنا نفس پر بہت گِراں (یعنی بھاری) ہوتا ہے اس لئے جیسے ہی راہِ خدا میں خرچ کرنے کی نیّت کریں فوراً دے دیں کیونکہ قَلْب (یعنی دل) مُنْقَلِب ہوتا (یعنی بدلتا) رہتا ہے۔(مَدَنی مذاکرہ،29ربیع الاول1437ھ)

﴿126﴾ عالِمِ دین بظاہر سادہ ہو مگر عِلم کی وجہ سے عام لوگوں سے ممتاز اور بہترین شخصیت ہوتا ہے۔(مَدَنی مذاکرہ،12ربیع الآخر1437ھ)

﴿127﴾ خُودداری اور صَبْر و قَناعت سے وقار بلند ہوتا ہے۔(مَدَنی مذاکرہ،3ربیع الآخر1437ھ)

﴿128﴾ کھانے میں نمک مناسب مقدار میں استعمال کرنا چاہئے کیونکہ اس کا زیادہ استعمال گُردوں کو ناکارہ کر سکتا ہے۔(مَدَنی مذاکرہ،21ذوالحجۃ الحرام1437ھ)

﴿129﴾ ہمارے ساتھ کوئی حُسنِ سُلوک کرے یا نہ کرے، ہمیں ہر ایک کے ساتھ حُسنِ سُلوک کرنا چاہئے۔(مَدَنی مذاکرہ،12رمضان المبارک1437ھ)

﴿130﴾ وہی عقلمند کامیاب ہے جس نے اپنی عقل کو اللہ و رسول صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی اِطاعت میں استعمال کیا۔(مَدَنی مذاکرہ،15رمضان المبارک1437ھ)

﴿131﴾ عاجزی و نرمی اختیار کیجئے اِن شاءَ اللہ آپ سب کی آنکھوں کا تارا بَن جائیں گے۔
(مَدَنی مذاکرہ،20ربیع الآخر1437ھ)

www.dawateislami.net

﴿132﴾ اسلامی بہنیں جب میکے جائیں تو صِلہ رحمی (رشتہ داروں کے ساتھ اچھے برتاؤ) کی نیت کرلیں اور میکے جاکر سُسرال کی خامیاں یا سُسرال آکر میکے کی خوبیاں بیان نہ کریں، اِن شاءَ اللہ گھر امن کا گہوارہ بنا رہے گا۔ (مَدَنی مذاکرہ، 22 ربیع الاول 1437ھ)

﴿133﴾ ہینگ (ایک درخت کا گوند Asafoetida) گھر میں رکھنے سے چیونٹیاں بھاگ جاتی ہیں۔ (مَدَنی مذاکرہ، 2 ذوالقعدۃ الحرام 1437ھ)

﴿134﴾ اللہ پاک کی نافرمانی سے ہر صورت میں بچنا چاہئے کہ گناہ چھوٹا ہو یا بڑا جہنّم میں جھونک سکتا ہے۔ (مَدَنی مذاکرہ، 16 رمضان المبارک 1437ھ)

﴿135﴾ دُنیاوی مال و دولت کم ہونے پر افسوس کرنے کے بجائے نیکیاں کم ہونے پر افسوس کیجئے۔ (مَدَنی مذاکرہ، 29 رمضان المبارک 1437ھ)

﴿136﴾ غَلَطی تسلیم کرنے سے عزت گھٹتی نہیں، بڑھتی ہے۔ (مَدَنی مذاکرہ، 4 ربیع الآخر 1437ھ)

﴿137﴾ کسی کو سمجھانا بھی ایک فَن ہے، اگر سمجھانا آتا ہے تو انفرادی طور پر سمجھایئے کہ یہ زیادہ فائدہ مند ہے۔ (مَدَنی مذاکرہ، 27 ربیع الآخر 1437ھ)

﴿138﴾ مسلمان ہر معاملہ شریعت کے مطابق کرنے کا پابند ہے۔
(مَدَنی مذاکرہ، 6 شوال المکرّم 1435ھ)

﴿139﴾ جب تک ہم نے الفاظ نہ بولے، ہمارے ہیں، جب زَبان سے نکل گئے تو دوسروں کے ہوگئے، وہ جو چاہیں کریں۔ (مَدَنی مذاکرہ، 3 ذوالحجۃ الحرام 1435ھ)

﴿140﴾ ہر ایک کو چاہئے کہ دوسروں سے چیزیں مانگنے سے بچے، اگر یہ (نہ مانگنے والی) عادت پختہ ہو جائے تو اِن شاءَ اللہ کئی دنیاوی فوائد بھی حاصل ہوں گے۔
(مَدَنی مذاکرہ، 20 ربیع الاول 1437ھ)

www.dawateislami.net

﴿141﴾ پیٹ بھر کر کھانا کھانا گناہ نہیں ہے البتہ زیادہ کھانے والے کا نفس گناہوں کی طرف زیادہ مائل ہو سکتا ہے۔(مَدَنی مذاکرہ،16 رمضان المبارک1437ھ)

﴿142﴾ شَرعی مُعاملات میں اپنی اُٹکل (یعنی اندازے) سے کسی چیز کے جائز یا ناجائز ہونے کا حکم نہیں لگانا چاہئے۔(مَدَنی مذاکرہ،9 محرم الحرام1437ھ)

﴿143﴾ بڑے بہن بھائی بے جا رُعب ڈالیں تو بھی چھوٹے بہن بھائیوں کو اُن کی عزت کرنی چاہئے البتہ بڑوں کو چاہئے کہ وہ چھوٹوں سے پیار کریں، نرمی سے پیش آئیں اور شفقت بھرا سُلوک کریں۔(مَدَنی مذاکرہ،9 رمضان المبارک1437ھ)

﴿144﴾ کوئی شخص ہماری بُرائی کرے تو اس سے ناراض ہونے یا کسی کے سامنے مَعاذَ اللہ اس کی بُرائی بیان کرنے کے بجائے صَبر کریں بلکہ اسے تحفہ روانہ کر دیں، اِن شاءَ اللہ اچھے نتائج سامنے آئیں گے۔(مَدَنی مذاکرہ،14 رمضان المبارک1437ھ)

﴿145﴾ غُرور و تکبُّر غصّے میں شدت پیدا کرتا اور حِلْم و بُردباری سے روکتا ہے۔
(مَدَنی مذاکرہ،19 ربیع الآخر1437ھ)

﴿146﴾ خوفِ خدا میں بہنے والے آنسو دل کی سختی کی وجہ سے خشک ہو جاتے ہیں اور دل گناہوں کی کثرت کی وجہ سے سخت ہوتا ہے۔(مَدَنی مذاکرہ،10 جمادی الاولیٰ1437ھ)

﴿147﴾ کھٹی چیزیں (زیادہ) کھانے سے بچنا چاہئے کہ ان سے بلغم پیدا ہوتا ہے اور بلغم حافظہ کمزور کرتا ہے۔(مَدَنی مذاکرہ،2 محرم الحرام1438ھ)

﴿148﴾ سمجھداری کا تقاضا یہ ہے کہ موبائل فون میں بچّوں کی امّی یا دیگر مَحارِم خواتین کی تصاویر ہرگز نہ رکھی جائیں کیونکہ موبائل گم یا چوری ہو سکتا ہے اور اس طرح گھر والوں کی تصاویر غیر مَردوں کے پاس جانے کا اندیشہ ہے۔(مَدَنی مذاکرہ،26 صفر المظفر1438ھ)

www.dawateislami.net

﴿149﴾ جب گوشت پکائیں تو اس میں کدّو شریف، شلجم، آلو یا کوئی اور سبزی شامل کر لیجئے، اس سے گوشت کے مُضِر (نقصان دہ) اثرات دُور ہوں گے۔

(مَدَنی مذاکرہ، 4 ربیع الاول 1438ھ)

﴿150﴾ بُزُرگی کا تعلُّق عِلم و عَقل سے ہوتا ہے، جوانی اور بڑھاپے سے نہیں۔

(مَدَنی مذاکرہ، 8 رجب المرجب 1437ھ)

﴿151﴾ کسی کو اچھے عقیدے اور اچھے اعمال کی توفیق ملنا، اس بات کی علامت ہے کہ ربِّ کریم اس سے محبت کرتا ہے۔ (مَدَنی مذاکرہ، 5 ربیع الاول 1438ھ)

﴿152﴾ گندم میں جَو کا آٹا مِلا کر پکائیں تو روٹی مُعتَدِل اثر والی ہو جائے گی کیونکہ جَو کی تاثیر ٹھنڈی اور گندم کی تاثیر گرم ہوتی ہے۔ (مَدَنی مذاکرہ، 4 ربیع الاول 1438ھ)

﴿153﴾ اللہ پاک کی رضا کے لئے شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے شوہر کو خوش کرنا بہت بڑے ثواب کا کام ہے۔ (مَدَنی مذاکرہ، 15 رجب المرجب 1437ھ)

﴿154﴾ اولاد کو چاہئے کہ ماں باپ کا علاج اپنا پیٹ کاٹ کر (یعنی روکھی سوکھی کھا کر اور تنگی سے گزارہ کر کے) بھی کروانا پڑے تو کروائے۔ (مَدَنی مذاکرہ، 21 محرم الحرام 1436ھ)

﴿155﴾ خوفِ خدا و عشقِ مصطفےٰ میں رونا بھی اللہ پاک کی ایک نعمت ہے، جسے خوفِ خدا و عشقِ مصطفےٰ میں رونا نہ آئے اُسے (ریاکاری سے بچتے ہوئے) رونے کی بتکلف کوشش کرنی چاہئے۔ (مدنی مذاکرہ، یکم ربیع الاول 1439ھ)

﴿156﴾ کسی بھی جامع شرائط پیر سے دُنیوی کام کے لئے بیعت نہ کی جائے بلکہ نفس و دل کی اصلاح، نیک اعمال کی کثرت کی توفیق، ایمان کی سلامتی و دین پر استقامت پانے کے لئے (بیعت) کی جائے۔ (مدنی مذاکرہ، 22 صفر المظفر 1439ھ)

﴿157﴾ وطنِ عزیز پاکستان ہمارے لئے بہت بڑی نعمت ہے اِس کی تعمیر میں ہم سب کو

www.dawateislami.net

حصہ لینا چاہئے۔ اے کاش! ہمارا ملک حقیقی معنوں میں اسلام کا مضبوط قلعہ بن جائے۔
(مَدَنی مذاکرہ، 17 رمضان المبارک 1437ھ)

﴿158﴾ رَنگ باتوں سے کم اور صحبت سے زیادہ چڑھتا ہے، لہٰذا اچّھوں کی صحبت اپنائیے۔
(مَدَنی مذاکرہ، 25 ذوالحجۃ الحرام 1435ھ)

﴿159﴾ ہر مسلمان کو چاہئے کہ کم از کم اپنے ایک بیٹے اور بیٹی کو عالِم و عالمہ ضرور بنائے۔
(مَدَنی مذاکرہ، 10 محرم الحرام 1436ھ)

﴿160﴾ یہ بہت مشکل ہے کہ بندے کے پاس مال ہو اور دل میں اس کی محبّت نہ ہو، لہٰذا یہ نہ کہا جائے کہ میرے دل میں مال کی محبت نہیں، اگر یہ سچ ہے تو رِیا میں پڑنے کا خوف ہے اور اگر یہ دُرُست نہ ہو (یعنی دل میں مال کی محبت ہو) تو جھوٹ ہو جائے گا۔
(مدنی مذاکرہ، 29 صفر المظفر 1439ھ)


﴿161﴾ جو ڈانٹ ڈَپٹ کرتے ہیں لوگ اُن سے جان چھڑاتے اور دُور بھاگتے ہیں اور جو محبّت دیتے ہیں، لوگ اُن کو ڈھونڈتے اور اُن کے قریب ہوتے ہیں۔
(مدنی مذاکرہ، یکم ربیع الاول 1439ھ)

﴿162﴾ چلتے پھرتے یا لیٹ کر یا پھر ہر اس انداز میں جس سے آنکھوں پر زور پڑتا ہو مُطالعہ کرنے سے بچنا چاہئے کہ اس سے نَظر کمزور ہونے کا اندیشہ ہے۔ (مدنی مذاکرہ، 4 ربیع الاول 1439ھ)

﴿163﴾ والدین کو چاہئے کہ بچّوں کی شادی طے کرنے سے پہلے ان کی رِضامندی ضرور حاصل کر لیں ورنہ شادی کے بعد گھر خراب ہونے کا اندیشہ رہتا ہے۔
(مدنی مذاکرہ، 9 ربیع الاول 1439ھ)

www.dawateislami.net

اگلے ہفتے کا رسالہ



978-969-722-383-1
01082361

فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی کراچی
UAN +92 21 111 25 26 92 0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net